یہ دونوں چیزیں میری امت کے مردوں کے حق میں حرام ہیں اور عورتوں کے حق میں حلال ہیں۔

علی بن ابی طالب رضی الله عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں : رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم نے بائیں ہاتھ میں ریشم اور دائیں ہاتھ میں سونا لیا، انہیں لے کو دونوں ہاتھوں کو اٹھایا اور فرمایا : "یہ دونوں چیزیں میری امت کے مردوں کے حق میں حرام ہیں اور عورتوں کے حق میں حلال ہیں۔"
[صحیح]

نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے اپنے بائیں ہاتھ میں ریشم یا ریشمی کپڑے کا ایک ٹکڑا اور دائیں ہاتھ میں سونا کا زیور وغیرہ لیا اور فرمایا : بلاشبہ ریشم اور سونا پہننا مردوں پر حرام ہے۔ البتہ عورتوں کے لیے حلال ہے۔

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/4292